**وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ماریشس کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں ماریشس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز حاصل کیا (مارچ 12، 2025)**

12 مارچ، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے جمہوریہ ماریشس کے 57ویں قومی دن کی تقریبات میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

2- ان تقریبات کے دوران، جمہوریہ ماریشس کے صدر عزت مآب جناب دھرم بیر گوکھل نے وزیر اعظم مودی کو ماریشس کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز گرینڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف دی اسٹار اینڈ کی آف دی انڈین اوشین (جی.سی.ایس.کے) ایوارڈ سے نوازا۔ یہ پہلا موقع ہے جب کسی ہندوستانی رہنما کو اس اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

3- وزیر اعظم مودی نے یہ ایوارڈ ہندوستان اور ماریشس کے درمیان خصوصی دوستی اور ہندوستان کے 1.4 بلین لوگوں اور ماریشس میں 1.3 ملین ہندوستانی بھائیوں اور بہنوں کو وقف کر دیا۔

4- ہندوستانی بحریہ کے مارچنگ دستے نے قومی دن کی تقریبات کے دوران پریڈ میں شرکت کی۔ قومی دن کی تقریبات کے موقع پر ہندوستانی بحریہ کا ایک جہاز بھی ماریشس کی بندرگاہ پرموجود تھا۔

پورٹ لوئس

12 مارچ، 2025